ABC CERTIFIED

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ

بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)

DAILY ETTELAAT KARACHI

بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ

چیف ایڈیٹر طاہر ملک

روزنامہ اطلاعات کراچی

ایڈیٹر: میاں طارق جاوید

ETTELAATKHI@GMAIL.COM

جلد نمبر 27 | 02 ربیع الثانی 1448 بدھ 14 اکتوبر 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 183

KPK میں غیر آئینی قدم 11 اکتوبر سیاہ دن قرار

متحدہ اپوزیشن کا خیبر پختونخوا میں گورنر راج کیخلاف جدوجہد کا اعلان

خیبر پختونخوا کے منتخب وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سمیت تحریک انصاف کے قائدین کی گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت، صوبے کے عوامی مینڈیٹ اور جمہوری اقدار کے منافی قرار دیا

حکومت نے بات چیت مکمل ہونے کے باوجود خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کا غیر آئینی قدم اٹھایا، متحدہ اپوزیشن کے پارلیمانی پارٹی کے اجلاس میں مولانا فضل الرحمان کا دوٹوک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

خیبر پختونخوا میں گورنر راج غیر آئینی نہیں

پیپلز پارٹی اور نواز لیگ نے شقوں کا مطالعہ کیا ہے، وزیر داخلہ

خیبر پختونخوا میں گورنر راج یا ایمرجنسی آئی کی خلاف ورزی نہیں، پی ٹی آئی کے لوگ تحریک طالبان سے رابطے میں تھے ثبوت دیں گے، محسن نقوی کا سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال

وفاق کا یہ فیصلہ غلط ہے کے پی حکومت کا فیصلہ صحیح ہے، ہم نے کہا تھا کہ پی ٹی آئی کے کچھ لوگوں کا طالبان سے براہ راست رابطہ ہے اور جب کہیں گے مکمل ثبوت مہیا کردیں گے، اپوزیشن

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



مذاکرات ڈھونگ

گورنر راج اور ایمرجنسی منصوبہ بندی تھی

اپوزیشن لیڈر

ہم عمران خان سے ملاقات سے بھی پیچھے ہٹ گئے مگر آپ لوگ کسی بات پر پیچھے نہیں ہٹے، راجہ ناصر عباس کا سینیٹ میں اظہار خیال

محسن نقوی کو بتانا چاہتا ہوں کس طرح آئین کا شکار کیا گیا ہے، وزیر داخلہ، اسپیکر اور دیگر وزرا کو گرفتار کرلیا یہ آئین شکنی ہے، علی ظفر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30

KP گورنر راج قانون سازی میں حکومت کا ساتھ دیں گے

بلاول بھٹو

پی پی پی پارلیمانی پارٹی کے اراکین کو خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ پر اعتماد میں لیا گیا

پیٹرولیم لیویز کا اختیار حکومت سے واپس لیا جائے، امیر جماعت اسلامی پاکستان نے پارلیمانی جماعتوں کو خط لکھ دیا

حافظ نعیم

قانون سازی کا مطالبہ

لیویز کا اختیار حکومت سے واپس لیا جائے

فیصل واوڈا

پاکستان کیخلاف بات کرنیوالوں کی نسلیں تباہ کردینگے

ملک کے چپے چپے کی پی ٹی آئی کے پاپ کارنامے

میں واضح کہہ رہا ہوں کہ نسل تباہ کردیں گے، ہم سب پاکستان کے محافظ ہیں، مطالبہ ایک ہی تھا کہ دہشت گردی کی صفایا کرنا ہے، آپ سے کہہ رہا تھا کہ خوارجی اور افغانی کو نکالو

خیبر پختونخوا کے عوام نہیں نکلے کیوں کہ پچھلے 180 روز میں کارکردگی نہیں ہوسکی، میں آپ کو ہر حملہ کا ردکردی سے آگاہ کرتا رہا، آپ سے کہا تھا کہ خوارجی اور افغانی کو نکالو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46

سندھ اور چین کا مشترکہ رینگ گروپ قائم

سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے معاہدہ

ہوئی میں تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق، زراعت، صنعت، اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور قابل تجدید توانائی میں چینی سرمایہ کاری کی دعوت

کراچی کے لیے 100 کلومیٹر طویل پانی کی پائپ لائن بچھانے پر تبادلہ خیال، وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

شراب برآمدگی کا معاملہ، 8 سال بعد شرجیل میمن باعزت بری

شرجیل میمن سمیت 6 ملزمان کو ہائی کورٹ نے شراب برآمدگی کیس میں 8 سال بعد بری کردیا گیا

پراسیکیوشن جرم ثابت نہ کرسکی، کیریکٹر گواہ بھی ثابت کرنے میں مکمل ناکام رہے، جوڈیشل مجسٹریٹ جوڈیشل تھانہ شاہ بھٹائی جا کر بیٹھے کے بعد عدالت نے ملزمان کو بری کیا ہے، وکیل عرضداشت میں میڈیا سے گفتگو

ریٹائرڈ نیوی ایڈمرل کا سینیٹ جعلی

فوجی افسران کے خلاف فراڈ کا الزام، رقم واپسی کا مطالبہ کردیا

پاکستان میں آبادی بڑا چیلنج ہے، سینیٹر محمد اورنگزیب

پاکستان میں آبادی کے چیلنج سے نمٹنے کیلئے قومی سخت عملی ضرورت ہے، وزیر خزانہ

آبادیاتی تبدیلی کو انسانی وسائل کی بہتر ترقی میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، سینیٹر مختلف اقدامات کا بشمول کم از کم آئندہ مالی سال کے لئے آگے بڑھانا ضروری ہے، اجلاس سے خطاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

سی ٹی ڈی اور حساس اداروں کی کارروائی

کالعدم تنظیموں کے 4 مبینہ دہشت گرد گرفتار

غلام یاسین، آفتاب احمد اور شعیب سے دستی بم برآمد، ملزمان حساس مقامات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کررہے تھے

گرفتار ملزمان مبینہ طور پر بلوچستان میں ٹارگٹ کلنگ، ٹرگٹ کلر کو اور کنٹینر کی سوہاں کاڑیوں پر حملوں میں ملوث رہے ہیں، ترجمان سی ٹی ڈی سندھ رانا عرفان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

شہید ملت روڈ پر ٹینکر رائیڈر سے موٹر سائیکل اور موبائل چھین لیا گیا

پہلے بھی ٹرک پکڑا ہوں، بچوں کا پیٹ پالنے کیلئے گھر سے نکلتا ہوں، متاثرہ رائیڈر روپڑا

قصبہ کالونی، زہریلی خوراکی سے ڈھائی سالہ بچی جاں بحق

3 سالہ بھائی کی حالت غیر، اسپتال میں طبی امداد جاری، اہل خانہ کا قانونی کارروائی سے انکار

ایک خاندان کے 5 افراد کی ہلاکت پر آئی جی سندھ کا نوٹس

فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج کا کامیاب تجربہ

پیپر وار ٹیکٹیکل میزائل

یہ میزائل سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت کے باعث دشمن کے دفاعی نظام کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، آئی ایس پی آر

شہید گلشن حدید واقعہ، اجتماعی خودکشی سے قبل لکھا ہوا خط مل گیا

ملیر گلشن حدید واقعہ، ایک ہی خاندان کے 5 افراد کی پراسرار ہلاکتیں

میاں بیوی کی لاشوں کے قریب پستول برآمد، شوہر نے بیوی کو گولی مارنے اور بہن سمیت دو ہم سن بیٹیوں کو زہر دینے کا شبہ

آرٹلری میدان میں پولیس مقابلہ

ایک ملزم زخمی حالت میں گرفتار

ONE NEWS

One Nation, One Voice, One News.

پس منظر

AMJAD QURESHI WITH TEHSEEN KAMAL

آج کا موضوع

روشنیوں کا شہر مسائل کے اندھیروں میں کیوں؟

GUEST ANWAR AZEEM KHAN

Advocate

President, Pakistan Muslim League (Functional) Sindh

Current Affairs • Analysis • Debate • Investigation

آج رات 8:05 pm

Only on ONE NEWS

VISIT OUR WEBSITE www.onenewsofficial.com

اطلاعات ETELAAT DIGITAL

روزانہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں

dailyettelaat.com

Follow us on : fb/Dailyettelaatkarachi

ورلڈ کلچر فیسٹیول کے انتظامات کیلئے کراچی انتظامیہ متحرک

خصوصی سیکیورٹی اور صفائی کے اقدامات کا فیصلہ

ورلڈ کلچر فیسٹیول کے انتظامات کے حوالے سے کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیرِ صدارت آرٹس کونسل میں اہم اجلاس

ورلڈ کلچر فیسٹیول پورے پاکستان کا فیسٹیول ہے، اس کے ثمرات گلگت بلتستان سے بلوچستان تک پہنچنے چاہئیں، صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی زیرِ صدارت آرٹس کونسل میں منعقدہ ایک اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ 29 اکتوبر سے 22 نومبر 2026 تک کراچی آرٹس کونسل کے زیرِ اہتمام حکومت سندھ کے تعاون سے منعقد ہونے والے تیسرے ورلڈ کلچر فیسٹیول کی کامیابی کے لیے کراچی انتظامیہ، سیکیورٹی ادارے، بلدیہ عظمیٰ، ٹاؤن ایڈمنسٹریشن، سول ڈیفنس اور دیگر شہری ادارے اپنا کردار بھرپور طور پر ادا کریں گے۔ ... کے ذریعے دنیا بھر میں کراچی اور ملک کا مثبت چہرہ اجاگر ہو۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ثقافت، ادب اور مثبت سرگرمیوں کے فروغ کے لیے حکومت سندھ کی کوششیں آرٹس کونسل کے زیرِ اہتمام منعقدہ فیسٹیول کو کامیاب بنانے میں مددگار ہوں گی۔ کمشنر کراچی نے تمام اداروں کو ہدایت کی کہ وہ وزیراعلیٰ سندھ اور چیف سیکریٹری

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21





کراچی تھیٹر کے مغلِ اعظم زاہد شاہ کے کھیل بٹی رانی کی تمام تیاریاں مکمل ہوگئیں

کراچی تھیٹر کے ماتھے کا جھومر بٹی رانی آج سے اوپن ایئر تھیٹر آرٹس کونسل میں پیش کیا جائے گا

پروڈیوسر رائٹر ڈائریکٹر و ایکٹر زاہد شاہ اپنے منفرد کام کے حوالے سے ایک خاص مقام رکھتے ہیں

کراچی (شوبز رپورٹر) ... کی جانب سے اصلاحی فیملی کھیل بٹی رانی آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی اوپن ایئر تھیٹر میں آج سے 14 اکتوبر سے 16 اکتوبر تک ... پیش کیا جائے گا جس کی کاسٹ میں ٹائٹل رول معروف ایکٹریس ... زاہد شاہ اور ... خان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3

گلشن کے رہائشی پلاٹ کو کمرشل کرنے کا معاملہ

کے ڈی اے کے 3 ملازمین سے جواب طلب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی (کے ڈی اے) میں گلشن کے رہائشی پلاٹ کو کمرشل میں تبدیل کرنے کی کارروائی پر تین ملازمین سے جواب طلب کرلیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹر لینڈ مینجمنٹ سے جونیئر کلرک تک تین اہلکاروں کو شوکاز

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

کراچی تھیٹر کی کوئین شانزے کا 15 سالہ شاندار پرفارمنس کا منفرد سفر

شانزے کی 15 سالہ پرفارمنس، فن، محنت اور لگن کو کامیابی کی بنیاد قرار دے دیا گیا

بلند آواز اداکاری نہیں اور اچھل کود رقص نہیں، فن میں مہارت اصل پہچان ہے



کراچی (رپورٹ/ تسنیم خان) کراچی تھیٹر پر پندرہ سالوں کی لگاتار پرفارمنس کے حوالے سے بات کی جائے تو ... آئے گا اور وہ ہے کراچی تھیٹر کی ملکہ "کوئین شانزے" ...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2

کے ایم سی کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ کو بدین بھیجنے پر مجن یونین کا اعتراض

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مجن یونین سی بی اے کے ایم سی کے مرکزی صدر سید ذوالفقار شاہ نے مطالبہ کیا ہے کہ کے ایم سی میں تعینات اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل فنڈ آڈٹ ... ان کا کہنا ہے کہ ... اور پنشن کی ادائیگی کے لیے ...

مرکزی جمعیت اہلحدیث تھرپارکر کی مجلسِ شوریٰ کا اجلاس

قرآن و حدیث، اتحادِ امت اور دینی تشخص کے فروغ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے

حرمین شریفین کا تحفظ پوری امتِ مسلمہ کے ایمان، عقیدت اور ملی وابستگی کا اہم تقاضا ہے، مقررین

نوکوٹ (بیورو رپورٹ) مرکزی جمعیت اہلحدیث تھرپارکر کی مجلس شوریٰ کا اہم اجلاس سندھ کے معروف دینی ادارے جامعہ دارالعلوم السلفیہ نوکوٹ میں مرکزی جمعیت اہلحدیث سندھ کے امیر مفتی محمد یوسف قصوری کی زیرِ صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں 15 نومبر 2025 کو مینار پاکستان، لاہور میں منعقد ہونے والی آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس، بسلسلہ تحفظ حرمین

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

گلفشن کے 1559.77 مربع گز رہائشی پلاٹ کی کمرشل تبدیلی

کے ڈی اے کے دو افسران کو شوکاز نوٹس جاری

حاطف نقوی کے زیرِ نگرانی رشوت کا بازار گرم، گلفشن کے ایک اہم پلاٹ کی رہائشی سے کمرشل تبدیلی کا معاملہ سامنے آنے پر دو افسران کو شوکاز نوٹس جاری

نوٹ شیٹ پر دستخط اور منظوری کے معاملے میں ڈائریکٹر لینڈ مینجمنٹ سید عاطف حسین نقوی اور ایڈیشنل ڈائریکٹر لینڈ راشد حسین سے وضاحت طلب کی گئی ہے

کراچی (نمائندہ خصوصی) ادارہ ترقیات کراچی (کے ڈی اے) کے لینڈ مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ کرپشن کا گڑھ بن چکا ہے، عاطف نقوی کے زیرِ نگرانی رشوت کا بازار گرم ہے، گلفشن کے ایک اہم پلاٹ کی رہائشی سے کمرشل تبدیلی کا معاملہ سامنے آنے پر متعلقہ حکام نے دو افسران کو شوکاز نوٹس جاری کر دیے۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق پلاٹ کی تبدیلی سے متعلق نوٹ شیٹ پر دستخط اور منظوری کے معاملے میں رشوت خور ڈائریکٹر لینڈ مینجمنٹ سید عاطف حسین نقوی اور ایڈیشنل ڈائریکٹر لینڈ راشد حسین سے وضاحت طلب کی گئی ... ہے۔ ان دونوں افسران کو شوکاز کرپٹ افسران میں ہوتا ہے ... 12 اکتوبر 2026 کو جاری کیے گئے نوٹس میں پلاٹ نمبر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4



قدرتی آفات سے نقصان کم کرنے کیلئے پیشگی تیاری ناگزیر ہے

گیانچند ایسرانی

صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کی پیشگی تیاری اور مؤثر امدادی کارروائیاں قدرتی آفات سے نمٹنے میں کلیدی اہمیت رکھتی ہیں

عالمی یوم قدرتی آفات کے موقع پر پیغام، مشیر وزیراعلیٰ سندھ کا ارلی وارننگ سسٹم، خطرات کے جائزے اور ہنگامی ردعمل کو مؤثر بنانے پر زور

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر برائے محکمہ بحالی گیانچند ایسرانی نے کہا ہے کہ قدرتی آفات سے ہونے والے نقصانات کم کرنے کے لیے پیشگی تیاری ... عالمی یوم قدرتی آفات کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط انداز میں کام کرنا ہوگا۔ جدید ٹیکنالوجی، پیشگی اطلاع اور فوری ردعمل کے نظام کو بہتر بنا کر قیمتی انسانی جانوں اور املاک کو نقصان سے بچایا جا سکتا ہے ... ایسرانی نے کہا کہ صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کی پیشگی تیاری اور مؤثر امدادی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

آل پاکستان جمعیت العباس ویلفیئر سوسائٹی کے نومنتخب صوبائی عہدیداروں کو مبارکباد

حاجی تاج محمد عباسی صوبہ سندھ کے صدر منتخب، مختلف زونز کے عہدیداروں کا خیر مقدم

حشمان عامر عباسی جنرل سیکریٹری اور تھکیدار رمضان عباسی نائب صدر منتخب

سانگھڑ (نمائندہ خصوصی) آل پاکستان جمعیت العباس ویلفیئر سوسائٹی سانگھڑ زون کے سرپرست حاجی عباس، صدر سانگھڑ زون محمد احسان عباسی، جنرل سیکریٹری حاجی محمد عارف عباسی، سینئر نائب صدر حمزہ عباسی ... سیکریٹری عبداللہ عباسی ...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

گلشن اقبال ٹاؤن میں 1005 گلیوں اور سڑکوں کی تعمیر و بحالی کا آغاز

ایک کروڑ 3 لاکھ مربع فٹ سڑکوں پر اسفالٹ اور پیور بلاک لگائے جائیں گے، ٹاؤن آفس میں پریس کانفرنس سے معظم ظفر خان کا خطاب

نوجوانوں کے لیے اسپورٹس کی سہولتیں، یوتھ سینٹرز، پارکوں، ماڈل مارکیٹس، اربن فاریسٹ، ماڈل محلے کے منصوبوں پر بھی کام جاری ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی ... کراچی منعم ظفر خان نے ... ٹاؤن چیئرمین گلشن اقبال ڈاکٹر فواد احمد کے ہمراہ ٹاؤن ...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24

پاکستان، ملائیشیا، برطانیہ اور یورپ میں تجارتی تعاون بڑھانے پر اتفاق

پاکستان، ملائیشیا، برطانیہ اور یورپ کے درمیان تجارتی روابط بڑھانے کے لیے مشترکہ حکمت عملی پر زور

برطانیہ اور یورپ میں PPN کے چیپٹر کھولنے کی خواہش، وفد کی PFUJ اور PPN ملائیشیا کو دورے کی دعوت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملائیشیا میں پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (PFUJ) ملائیشیا چیپٹر اور پاکستان پریس نیٹ ورک (PPN) ملائیشیا چیپٹر کے زیرِ اہتمام برطانیہ اور یورپ سے آئے ہوئے ممتاز پاکستانی کاروباری شخصیات کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پاکستان، ملائیشیا، برطانیہ اور یورپ کے درمیان کاروباری روابط کے فروغ، مشترکہ سرمایہ کاری، تجارتی تعاون اور پاکستانی مصنوعات کو بین الاقوامی منڈیوں تک متعارف کروانے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6



PFUJ اور (PPN) ملائیشیا چیپٹر کے زیرِ اہتمام برطانیہ اور یورپ سے آئے ہوئے ممتاز پاکستانی کاروباری شخصیات کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب میں لی گئی تصاویر

وردی اور فوج کو گالیاں دینے والے ہی پاکستان کے اصل دشمن ہیں، شجاع صغیر خان

نااہل سیاست دانوں نے ملک کے امیج کو خراب کر کے رکھ دیا ہے، صدارتی نظام کو بھی آزما کر دیکھا جائے

اس وقت عوام ایسے مسائل کا شکار ہے جنہوں نے اس کو ذہنی مریض بنا کر رکھ دیا ہے، ممتاز سماجی اسکالر



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ممتاز سماجی اسکالر، دانشور، کالم نگار، قائد ہومیو پیتھی ڈاکٹر شجاع صغیر خان نے فورمز لورز فورم پاکستان کے ہنگامی اجلاس سے خطاب کیا۔ اس موقع پر مرزا افتخار بیگ، ڈاکٹر ناہید خان، راجہ عارف، شاہد بھٹی، صالح محمد خانزادہ، محمد دانش علی سمیت بڑی تعداد میں کارکن موجود تھے۔ قائد سماج ڈاکٹر شجاع صغیر خان نے کہا کہ سوشل میڈیا پر پاکستانی فوج کو گالیاں دینے والے ہی پاکستان کے اصل دشمن ہیں۔ غریبوں اور مظلوموں کو گرفتار کرنے کے بجائے ایسے عناصر کو سزا دی جائے جو ملک کے وقار اور اس کے امیج کو خراب کر رہے ہیں۔ انہوں نے خیبر پختونخوا میں وفاقی حکومت کی طرف سے گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7



پریس کلب آف پاکستان کے زیرِ اہتمام سالانہ بقا صحافتی ایوارڈ 2026 کی تقریب سٹی پریس کلب میں منعقد ہوئی اس موقع پر لی گئی تصاویر

کراچی میں سالانہ بقا صحافتی ایوارڈ 2026 کی پروقار تقریب

صحافتی اور سماجی خدمات انجام دینے والی شخصیات کی حوصلہ افزائی قابلِ تحسین، ایسی تقریبات معاشرے میں مثبت سرگرمیوں کو فروغ دیتی ہیں

اختتام پر کیک کاٹنے کی تقریب (کیٹنگ سیریمونی) منعقد ہوئی، جس کے بعد شرکاء کے لیے کھانے کا بھی بہترین انتظام کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سٹی پریس کلب آف پاکستان کے زیرِ اہتمام سالانہ بقا صحافتی ایوارڈ 2026 کی تقریب سٹی پریس کلب میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے آرگنائزر بانی سٹی پریس کلب اسد عمر تھے، جبکہ چیئرمین محترمہ پروین اصغر نے سٹی پریس کلب کے اہتمام سے ... اس پروگرام کو نہایت شاندار اور منظم انداز میں منعقد کیا، جس کی ان کاوشوں کو بے حد سراہا گیا۔ تقریب کے دوران 200 ایوارڈز اور 50 تحائف بھی تقسیم کیے گئے۔ ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں محمد اکبر خان، یوسف رحمانی، محمد احسن رضا خان، یوسف رحمانی، فاطمہ ... بلوچ، محمد عارف (عارف یوٹیوب چینل)، ... ریاست (الرحمٰن) سربراہ ہمالی فاؤنڈیشن ... روحانی اسکالر، 61 گروپ (سمیت دیگر معزز شخصیات شامل تھیں۔ تقریب میں نعمان مغل) میڈیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10

مائیکرو فنانس بینکنگ غربت میں کمی کیلئے ضروری ہے، میاں زاہد حسین

خواتین، کسانوں اور چھوٹے کاروباروں کی کریڈٹ گارنٹی 50 فیصد کی جائے

مائیکرو فنانسنگ مارک اپ میں کا ئیبور سے چھ فیصد کمی کی جائے، سابق صوبائی وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان بزنس مین اینڈ انٹلیکچولز فورم اور آل کراچی انڈسٹریل الائنس کے صدر، نیشنل بزنس گروپ پاکستان کے چیئرمین، ایف پی سی سی آئی پالیسی ایڈوائزری بورڈ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر ... انفارمیشن ٹیکنالوجی میاں زاہد حسین نے کہا ہے کہ پاکستان میں مائیکرو فنانس کا شعبہ کم آمدنی والے طبقات کی معاشی شمولیت، خواتین کی شمولیت، غربت میں کمی اور چھوٹے کاروباروں کی مالی ضروریات پوری کرنے کے لیے ایک کلیدی ستون بن چکا ہے، تاہم ناکافی سرمایہ، قرضوں کی غیر مساوی علاقائی تقسیم اور کمرشل بینکوں کے مقابلے میں زیادہ مارک اپ اس کی ترقی میں رکاوٹ ہیں ...

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

ٹیکس نظام میں آسانیاں پیدا کرنا وقت کی ضرورت ہے

صدر کاٹی

آئرس سسٹم میں تکنیکی مسائل اور سست روی کے باعث بیشتر صنعت کار ٹیکس گوشوارے جمع نہیں کرا سکے، مزید مہلت دی جائے، شیخ عمر ریحان

صنعت کار برادری ملک کی معاشی ترقی، محصولات میں اضافے اور ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے کے لیے حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا چاہتی ہے



کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر شیخ عمر ریحان نے حکومت اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) سے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ میں فوری طور پر ایک ماہ کی مزید توسیع کا مطالبہ کیا ہے۔ صدر کاٹی نے کہا کہ اگر حکومت نے اس سے قبل ٹیکس گزاروں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں پندرہ دن کی توسیع دی تھی، تاہم ایف بی آر کے آن لائن پورٹل آئرس (IRIS) میں تکنیکی خامیوں اور مسلسل سست روی کے باعث تاجر اور صنعت کار برادری کی ایک بڑی تعداد اب بھی اپنے گوشوارے جمع کرانے سے قاصر ہے۔ شیخ عمر ریحان کا کہنا تھا کہ آئرس پورٹل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

KDA کی آمدنی بڑھانے کیلئے سرکاری پلاٹس کی نیلامی کا فیصلہ

کے ڈی اے پنشنرز کے واجبات کی بروقت ادائیگی اور ادارے کو مالی طور پر مستحکم بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں، ڈی جی کے ڈی اے

سرجانی ٹاؤن شپ، نارتھ کراچی ٹاؤن شپ اور فیڈرل بی ایریا میں سرکاری اراضیوں کا معائنہ، مجوزہ نیلامی کے لیے موزوں پلاٹس کی نشاندہی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی زین العابدین انصاری نے سرجانی ٹاؤن شپ، نارتھ کراچی ٹاؤن شپ اور فیڈرل بی ایریا میں موجود سرکاری اراضیوں کا دورہ کیا اور مجوزہ نیلامی کے لیے دستیاب پلاٹس کی صورتحال، اہمیت اور موزونیت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کا بنیادی مقصد ادارے کے مالی وسائل میں اضافہ، آمدنی کے نئے ذرائع پیدا کرنے اور قانونی تقاضوں کے مطابق مالی واجبات کی ادائیگی کے لیے مؤثر حکمت عملی مرتب کرنا تھا۔ ڈی جی کے ڈی اے نے سرجانی ٹاؤن شپ کے سیکٹر 7-B اور سیکٹر 11-B میں واقع قیمتی سرکاری اراضیوں کا معائنہ کیا۔ ... بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ان سیکٹرز میں موجود اراضیوں کو آئندہ نیلامی کے عمل میں شامل کرنے کے امکانات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ بعد ازاں ڈائریکٹر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11



ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات کراچی زین العابدین انصاری نے سرجانی ٹاؤن شپ، نارتھ کراچی ٹاؤن شپ اور فیڈرل بی ایریا میں موجود سرکاری اراضیوں کا دورہ کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پریس کلب حافظ آباد کے سیکرٹری جنرل شوکت علی ڈوڈو پر قاتلانہ حملہ کا معاملہ

ملزمان کو جلد گرفتار کر لیا جائے گا، قانون کو ہاتھ میں لینے والوں کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ڈی پی او ڈاکٹر ... احمد



حافظ آباد (اسٹاف رپورٹر) حافظ آباد میں صحافیوں پر قاتلانہ حملہ اور لوٹ مار کے کیس میں پولیس کی بڑی پیشرفت سامنے آئی ہے۔ پولیس نے چار مرکزی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16

ایڈمنسٹریٹر اعظم راہوجو کے سامنے پی پی ایچ آئی کے بڑے افسران بے بس

سادہ پرچی پر آپریشن کا سامان اور ادویات پرائیویٹ اسٹوروں سے منگوانا بند نہ کرا سکے



گھوٹکی (بیورو رپورٹ) ایڈمنسٹریٹر اعظم راہوجو کے سامنے پی پی ایچ آئی کے بڑے افسران بے بس، میرپور ماتھیلو پی پی ایچ آئی سینٹر میں سادہ پرچی پر آپریشن کا سامان اور ادویات پرائیویٹ اسٹوروں سے منگوانا بند نہ کرا سکے، سرکاری ادویات اپنے لواحقین لوگوں کو دی جا رہی ہیں، غریب مریض پرائیویٹ ادویات خریدنے پر مجبور ہوگئے، تفصیلات کے مطابق میرپور ماتھیلو پی پی ایچ آئی سینٹر کے ایڈمنسٹریٹر اعظم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

فردوس کالونی میں پلاٹ نمبر 17/8 پر غیر قانونی تعمیرات کا تسلسل برقرار

ڈائریکٹر فہیم صدیقی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زبیر مرتضیٰ کی سرپرستی میں تعمیرات زور و شور سے جاری

فردوس کالونی میں بلند و بالا عمارتیں کمرشل تعمیرات کی سرپرستی SBCA کے زیرِ سایہ کی جاتی ہیں



کراچی (رپورٹ: یوسف بھٹی) لیاقت آباد ٹاؤن کے علاقے فردوس کالونی میں پلاٹ نمبر 17/8 پر غیر قانونی تعمیرات کا تسلسل برقرار، عوامی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

سوئی سدرن میں اے آئی گورننس پر اعلیٰ سطحی نشست، اہم انفراسٹرکچر کے تحفظ پر غور

سوئی سدرن گیس کمپنی نے مصنوعی ذہانت کی حکمرانی کو انتظامی ترجیحات میں شامل کیا

ایم ڈی سی ای او امین راجپوت کی شرکت، اہم انفراسٹرکچر میں انسانی نگرانی کی اہمیت پر زور



کراچی (اسٹاف رپورٹر) سوئی سدرن گیس کمپنی نے مصنوعی ذہانت کی حکمرانی، جوابدہی اور ... استعمال کو اپنی اعلیٰ انتظامی سطح کی گفتگو کا حصہ بناتے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

گلبرگ ٹاؤن: ریٹائرڈ اور مرحوم ملازمین کے ورثا میں 52 لاکھ کے چیکس تقسیم

تین سال میں 22 کروڑ روپے سے زائد کی ادائیگیاں کی جا چکی ہیں، حمیرا احمد

ریٹائرڈ اور مرحوم ملازمین کے واجبات کی ادائیگی ہماری اہم ذمہ داری ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گلبرگ ٹاؤن کی منتخب بلدیاتی قیادت کی جانب سے ریٹائرڈ اور مرحوم ملازمین کے ورثاء میں واجبات کی ادائیگی کا سلسلہ جاری ہے۔

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18



گلبرگ ٹاؤن کی منتخب بلدیاتی قیادت کی جانب سے ریٹائرڈ اور مرحوم ملازمین کے ورثا میں واجبات کی ادائیگی کی جا رہی ہے

منشیات اور اسلحہ برآمدگی کے مقدمات، انمول عرف پنکی عدالت میں پیش نہ ہوسکی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) منشیات فروشی کے الزام میں گرفتار انمول عرف پنکی کو منشیات اور اسلحہ برآمدگی کے مقدمات میں عدالتی حکم کے باوجود پیش نہیں کیا گیا۔

منگھوپیر میں نادرا موبائل وین سروس، شہریوں کو دہلیز پر شناختی سہولت فراہم

چیئرمین حاجی نواز علی بروہی کی کوششوں سے عرش محمد گوٹھ میں ایک روزہ سروس کا انعقاد

عوامی مسائل کا حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، حاجی نواز علی بروہی



کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر کی یونین کمیٹی 01 کے علاقے عرش محمد گوٹھ، مدینہ ہوٹل، نزد مہران سٹی میں چیئرمین حاجی نواز علی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

ذہنی صحت کی آگاہی کے لیے پارکو کا تعاون، ابراہیم حیدری میں کیمپ

پارکو کے شعبہ کارپوریٹ سماجی ذمہ داری کے نمائندوں کا آگاہی کیمپ کا دورہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پارکو کا ذہنی صحت کے فروغ کے لیے تعاون جاری، ابراہیم حیدری میں آگاہی کیمپ کا دورہ پارکو (PARCO) نے معاشرے میں ذہنی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20

سینئر ایڈووکیٹ خالد ممتاز کی جسٹس (ر) وجیہہ الدین احمد سے ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سینئر ایڈووکیٹ خالد ممتاز نے عام لوگ پارٹی کے سربراہ اور سپریم کورٹ آف پاکستان کے سابق جج جسٹس (ر) وجیہہ الدین احمد سے ملاقات کی۔

سکھد یو ہمنانی نے گھوٹکی میں تین آر او پلانٹس کا افتتاح کر دیا

گھوٹکی میں شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی کے لیے چودہ سولرائزڈ آر او پلانٹس قائم کیے گئے ہیں

ہر آر او پلانٹ روزانہ ہیں ہزار لیٹر پانی صاف کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، ترجمان سندھ حکومت

گھوٹکی (بیورو رپورٹ) ترجمان سندھ حکومت سکھد یو ہمنانی نے گھوٹکی میں تین آر او پلانٹس کا افتتاح کر دیا۔ گھوٹکی میں شہریوں کو صاف پانی کی فراہمی کے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14



ترجمان سندھ حکومت سکھد یو ہمنانی نے گھوٹکی میں تین آر او پلانٹس کا افتتاح کر رہے ہیں

بقیہ نمبر اطلاعات 01

شریفین میں بھرپور شرکت کے لیے لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ اجلاس سے امیر سندھ مفتی محمد یوسف قصوری، ناظم اعلیٰ پروفیسر محمد ابراہیم طارق، تھرپارکر کے امیر مولانا محمد حسن سموں، ناظم ضلع مولانا عبدالرزاق عابد، مولانا عبدالرحیم ثاقب سموں، ڈاکٹر عامر عبداللہ محمدی، مفتی محمد رفیق سلفی، مولانا بلال بشیر، مولانا محمد خان الطاری، اہلحدیث یوتھ فورس کے مولانا عبدالحق ربانی اور دیگر نے خطاب کیا۔ قائدین نے کانفرنس کے اغراض و مقاصد کو اجاگر کیا اور ذمہ داران و کارکنان پر زور دیا کہ وہ اس عظیم دینی و ملی اجتماع کی کامیابی کے لیے بھرپور تنظیمی کردار ادا کریں۔ مقررین نے حرمین شریفین کی عظمت و حرمت، مسجد الحرام اور مسجد نبوی ﷺ سے مسلمانوں کی والہانہ عقیدت اور ان مقدس مقامات کے تحفظ کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین کا تحفظ پوری امت مسلمہ کے ایمان، عقیدت اور ملی وابستگی کا اہم تقاضا ہے۔ اس موقع پر امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان سینیٹر پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبدالکریم کا پیغام بھی شرکا تک پہنچایا گیا۔ قائدین نے ان کی دینی، جماعتی اور ملی خدمات کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان ان کی قیادت میں دعوت توحید، اتباع سنت، اشاعت قرآن و حدیث، اتحاد امت اور دینی تشخص کے فروغ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس محض ایک اجتماع نہیں بلکہ عقیدہ توحید، اتباع سنت، حرمت حرمین شریفین اور اتحاد امت کے پیغام کو عام کرنے کا ایک اہم موقع ہے۔ اس سلسلے میں تمام ذمہ داران کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے اپنے علاقوں میں کانفرنس کا پیغام پہنچائیں، عوام و خواص کو شرکت کی دعوت دیں اور شرکا کی بھرپور شرکت یقینی بنانے کے لیے موثر تنظیمی اقدامات کریں۔ مجلس شوریٰ کے شرکا نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مرکزی جمعیت اہلحدیث تھرپارکر، مرکزی جمعیت اہلحدیث سندھ اور مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کی قیادت کے ساتھ مکمل ہم آہنگی رکھتے ہوئے کانفرنس کی تیاریوں میں بھرپور حصہ لے گی اور تحفظ حرمین شریفین کے عظیم مقصد کے لیے اپنا دینی، ملی اور تنظیمی کردار ادا کرتی رہے گی۔ اجلاس کے اختتام پر دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ آل پاکستان اہلحدیث کانفرنس کو دین اسلام کی سربلندی، عقیدہ توحید و سنت کے فروغ، حرمین شریفین کی حرمت کے تحفظ اور امت مسلمہ کے اتحاد و استحکام کا ذریعہ بنائے اور قائدین و کارکنان کی دینی و جماعتی خدمات کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین!

بقیہ نمبر اطلاعات 02

ہے، یہی وہ سچائی ہے جو لوگ ہضم نہیں کر پاتے کہ چھاڑ کر اونچی آواز میں بات کرنے کو اداکاری نہیں کہتے اور نہ ہی اوچھل کود کو رقص کہا جا سکتا ہے اور نہ ہی کوئی مائیک ہاتھ میں لینے سے گلوکار بن سکتا ہے اس لیے سفارش کی نہیں بلکہ محنت لگن اور جذبے کی ضرورت ہے

بقیہ نمبر اطلاعات 03

بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں ورسٹائل فنکار محسن خان لودھی یوسف پٹھان، نعیم کمال، شہیر راہی، کمال ادریس، سحر نوفل، ارسا احمد، چینا نوفل، عمران نواز، شاہ گل خان، جنید مکسن، فائزہ ملک، سرفراز انصاری، اور طلحہ بھوجانی شامل ہیں، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے فرائض دانش بلوچ، نادر علی نقوی، نعیم کمال ادا کر رہے ہیں، پروڈیوسر رائٹر ڈائریکٹر و ایکٹر زاہد شاہ اپنے منفرد کام کے حوالے سے ایک خاص مقام رکھتے ہیں اور اسی وجہ سے انہیں کراچی تھیٹر کے مغل اعظم کہا جاتا ہے زاہد شاہ کے شہرہ آفاق کھیل بجی رانی کی تمام تیاریاں مکمل ہو گئیں ہیں واقعی زاہد شاہ ایک ایسا نام ہے جن جیسی محنت اور دیوانگی تھیٹر کے حوالے سے کسی اور پروڈیوسر ڈائریکٹر میں دور تک نظر نہیں آتی کیونکہ کسی اور پروڈیوسر ڈائریکٹر کو اتنے جنون محنت لگن جذبے اور حوصلے کے ساتھ کام کرتے نہیں دیکھا گیا ہے جس طرح ماں باپ اپنی اولاد سے محبت کرتے ہیں اسی طرح زاہد شاہ اپنے کھیل سے پیار کرتے ہیں اگر ڈرامے میں تین سیٹ تبدیل کرنا ہوں تو وہ تین سیٹ ہی تیار کراتے ہیں اصلاحی فیملی کھیل بجی رانی کی بات کی جائے ایک ایسا کھیل جو پورے خاندان کے ساتھ بیٹھ کر دیکھا گیا اب ایک بار پھر نئی آب و تاب کے ساتھ پیش کیا جا رہا ہے زاہد شاہ کراچی تھیٹر کی دنیا کا ایک باوقار نام، ان کا کام ہی معیار کی پہچان ہے ایک سے بڑھ کر ایک معیاری کھیل ان کے کریڈٹ پر ہے، جس طرح زاہد شاہ کراچی تھیٹر کے مغل اعظم اور فخر ہیں اسی طرح زاہد شاہ کا کھیل بجی رانی کراچی تھیٹر کے ماتھے کا جھومر ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 04

D-21، بلاک 8، کے ڈی اے اسکیم 5، کلفٹن، کراچی کا ذکر کیا گیا ہے، جس کا رقبہ 1,559.77 مربع گز درج ہے۔ دستاویزات کے مطابق مذکورہ پلاٹ کو رہائشی سے کمرشل میں تبدیل کرنے کی نوٹ شیٹ پر دستخط اور منظوری دیے جانے کے معاملے پر متعلقہ افسران سے قانونی و انتظامی جواز طلب کیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر لینڈ مینجمنٹ سید عاطف حسین نقوی کے نام جاری شوکاز نوٹس میں کہا گیا ہے کہ وہ وضاحت کریں کہ کن قوانین، قواعد اور ضوابط کے تحت مذکورہ پلاٹ کی تبدیلی سے متعلق نوٹ شیٹ پر دستخط اور منظوری دی گئی۔ نوٹس میں ہدایت کی گئی ہے کہ جواب تین روز کے اندر ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے کے دفتر میں جمع کرایا جائے، بصورت دیگر ادارے کے قواعد کے تحت تادیبی کارروائی شروع کی جا سکتی ہے۔ اسی معاملے پر ایڈیشنل ڈائریکٹر لینڈ راشد حسین کو بھی شوکاز نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ نوٹس کے مطابق وہ اس وقت ایڈیشنل ڈائریکٹر (کلفٹن) لینڈ مینجمنٹ کے طور پر فرائض انجام دے رہے تھے اور انہوں نے مذکورہ پلاٹ کی رہائشی سے کمرشل تبدیلی کی نوٹ شیٹ پر دستخط کر کے اسے ڈائریکٹر لینڈ مینجمنٹ کو بھجوایا تھا۔ ان سے بھی وضاحت طلب کی گئی ہے کہ متعلقہ کارروائی کس قانونی اختیار اور ضابطے کے تحت کی گئی۔ دونوں نوٹسز پر ڈپٹی سیکریٹری (اسٹیبلشمنٹ) سیکریٹریٹ کے ڈی اے کے دستخط موجود ہیں، جبکہ دستاویزات میں ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے، سیکریٹری کے ڈی اے اور ڈائریکٹر لینڈ مینجمنٹ سمیت متعلقہ حکام کو نقول ارسال کیے جانے کا ذکر بھی ہے۔ کلفٹن جیسے اہم علاقے میں واقع 1,559.77 مربع گز کے پلاٹ کی نوعیت تبدیل کرنے کی منظوری کن قواعد کے تحت دی گئی؟ کیا متعلقہ تبدیلی کے لیے تمام قانونی تقاضے، مجاز اتھارٹی کی منظوری اور مقررہ طریقہ کار مکمل کیا گیا تھا؟ اور کیا اس کارروائی کے دوران ادارے کے قواعد و ضوابط کی مکمل پابندی کی گئی ہے اس سے قبل گلستان جوہر میں جعل سازی میں ملوث کے شواہد ملنے کے بعد ڈائریکٹر لینڈ عاطف نقوی سے قبل بھی عہدے سے معطل ہو چکے ہیں

بقیہ نمبر اطلاعات 05

سیکریٹری عطا اللہ عباسی کوٹری زون کے آرگنائزر ریاض عباسی نے ایک مشترکہ بیان میں صوبہ سندھ کے صدر حاجی تاج محمد عباسی، نائب صدر شہریار رمضان عباسی، جنرل سیکریٹری صوبہ سندھ عثمان عامر عباسی جوائنٹ سیکریٹری عثمان عباسی کو منتخب ہونے پر مبارکباد دی ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 06

کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ تقریب میں یورو حلال فوڈز یورپ کے سی ای او ملک امتیاز اعوان، Imaza فوڈ یوکے کے بانی چوہدری لیاقت علی، HQ فوڈ UK کے چیئرمین صوفی گل نواز، HQ فوڈ برمنگھم کے ڈائریکٹر سید رضا، زاہد پرویز، LWJ اسٹیٹ برمنگھم کے ڈائریکٹر جواد علی اور موسٹ ٹریول کے عبدالمعید سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ شرکا نے باہمی کاروباری تعاون، تجربات کے تبادلے اور مختلف شعبوں میں مشترکہ مواقع تلاش کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ ملک امتیاز اعوان نے حلال فوڈ انڈسٹری میں کاروباری روابط کے فروغ اور مختلف ممالک کی مارکیٹوں میں مصنوعات متعارف کروانے کے امکانات پر تعاون کی اہمیت اجاگر کی۔ چوہدری لیاقت علی نے ریئل اسٹیٹ سیکٹر میں کاروباری تجربات سے استفادہ کرنے، نئی منڈیوں تک رسائی اور کاروباری روابط کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ صوفی گل نواز نے فوڈ انڈسٹری میں مشترکہ کاروباری مواقع تلاش کرنے اور باہمی تعاون کے ذریعے کاروبار کو وسعت دینے کی اہمیت بیان کی، جبکہ سید رضا نے کاروباری رابطوں کو مزید مضبوط بنانے اور مختلف مارکیٹوں میں ترقی کے امکانات سے فائدہ اٹھانے کی ضرورت پر گفتگو کی۔ زاہد پرویز نے کاروباری شخصیات کے درمیان روابط بڑھانے، ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنے اور مستقبل میں تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے کی اہمیت اجاگر کی۔ ایل ڈبلیو جے اسٹیٹ برمنگھم کے ڈائریکٹر جواد علی نے ریئل اسٹیٹ سمیت دیگر کاروباری شعبوں میں روابط کے فروغ اور پاکستان، ملائیشیا اور برطانیہ کے کاروباری حلقوں کے درمیان تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ موسٹ ٹریول کے عبدالمعید نے کاروباری وفود کے دوروں، سفری سہولیات اور تجارتی سرگرمیوں کے سلسلے میں باہمی تعاون کے امکانات کو اہم قرار دیا۔ اس موقع پر PFUJ ملائیشیا چیپٹر اور PPN ملائیشیا چیپٹر کے نمائندوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی کاروباری شخصیات کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ان کے مطابق صحافت، کاروبار اور پیشہ ورانہ نیٹ ورکنگ کے درمیان موثر رابطہ کاری کے ذریعے پاکستانی کاروباری اداروں کو نئی منڈیوں تک رسائی دینے، کاروباری ملاقاتوں کا اہتمام کرنے اور پاکستان، ملائیشیا کے درمیان تجارتی تعلقات کو فروغ دینے میں مدد مل سکتی ہے۔ شرکا نے UK اور یورپ میں بھی PPN کے چیپٹرز قائم کرنے کی خواہش کا اظہار کیا، نیز اس امر پر اتفاق کیا کہ کاروباری کامیابی کے لیے باہمی اعتماد، مستقل رابطے، تجربات کا تبادلہ اور مشترکہ حکمت عملی بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔

بقیہ نمبر اطلاعات 07

پاکستان کی تاریخ کا سیاہ باب قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کا قتل دو جمہوری جماعتوں کے ہاتھوں ہوا ہے۔ فارم 47 اب نااہلی کی علامت بن چکا ہے ملک کو اب جماعت اسلامی جیسی ایماندار پارٹی کی ضرورت ہے جو ملک سے کرپشن کا خاتمہ چاہتی ہے۔ اس وقت عوام ایسے مسائل کا شکار ہے جنہوں نے ان کو ذہنی مریض بنا کر رکھ دیا ہے۔ ہر دوسرا شخص بیمار نظر آتا ہے۔ اگر ایمرجنسی لگانی ہے تو سندھ میں بھی لگائی جائے کیونکہ کراچی سمیت پورے سندھ میں کرپشن اور ڈاکو نیٹ ورک اپنے عروج پر ہے بھٹو کا وہ نعرہ جس کی وجہ سے اس نے سیاست پر راج کیا روٹی، کپڑا اور مکان اب صرف ایک خواب بن کر رہ گیا ہے۔ ملک میں جمہوریت ناکام ہو چکی ہے اب وقت آ گیا ہے کہ صدارتی نظام کو بھی آزما کر دیکھا جائے۔ سیاسی عدم استحکام اور عوامی بے چینی بام عروج پر ہے ملک کو بحرانستان بنانے والوں کا انجام بھی اچھا نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر اطلاعات 08

ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ پاکستان اکنامک سروے 2025-26 کے مطابق دسمبر 2025 تک مائیکرو فنانس صنعت کا مجموعی قرضہ جاتی پورٹ فولیو 858.50 ارب روپے اور فعال قرض خواہوں کی تعداد ایک کروڑ 33 لاکھ 93 ہزار تھی۔ ملک میں 11 مائیکرو فنانس بینکوں اور 26 نان بینکنگ مائیکرو فنانس کمپنیوں کی مجموعی طور پر 4,145 برانچیں موجود تھیں۔ اسٹیٹ بینک کے مارچ 2026 کے اعداد کے مطابق صرف مائیکرو فنانس بینکوں کے اثاثے 1,165.22 ارب روپے، ڈپازٹس 886.42 ارب روپے اور صارفین کے واجب الادا قرضے 530.16 ارب روپے تھے۔ اس کے باوجود روزگار پیدا کرنے والی سرگرمیوں تک قرضوں کی رسائی بڑھانا ضروری ہے۔ میاں زاہد حسین نے کہا کہ مارچ 2026 میں مائیکرو فنانس بینکوں کی جانب سے زراعت، جنگلات اور ماہی گیری کے شعبے کو 276.25 ارب روپے جبکہ مینوفیکچرنگ کو محض 4.08 ارب روپے فراہم کیے گئے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ گھریلو صنعت، چھوٹی فیکٹریوں اور ویلیو ایڈیشن کو مطلوبہ توجہ نہیں مل رہی۔ صوبائی تقسیم میں پنجاب کو 300.54 ارب، سندھ کو 120.57 ارب اور بلوچستان کو محض 7.19 ارب روپے ملے۔ اتنی غیر متوازن تقسیم سے پسماندہ علاقوں میں سرمایہ کاری اور روزگار کے مواقع محدود رہیں گے۔ علاقائی ضروریات کے مطابق قرضوں کے اہداف اور آسان دستاویزی شرائط متعارف کرائی جانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر اطلاعات 09

پر سسٹم ہینگ ہونے، ڈیٹا اپ لوڈ کرنے، چالان بنانے اور دیگر تکنیکی رکاوٹوں کے باعث ٹیکس دہندگان شدید مشکلات اور ذہنی کوفت کا شکار ہیں۔ ان حالات میں مقررہ مدت کے اندر گوشوارے جمع نہ کرا پانے کی ذمہ داری مکمل طور پر ٹیکس گزاروں پر عائد کرنا مناسب نہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجر اور صنعتکار برادری ملک کی معاشی ترقی، محصولات میں اضافے اور ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے کے لیے حکومت کے ساتھ بھرپور تعاون کرنا چاہتی ہے، تاہم اس مقصد کے حصول کے لیے ضروری ہے کہ ٹیکس جمع کرانے کا نظام موثر، قابل اعتماد اور سہل بنایا جائے۔ صدر کاٹی نے مزید کہا کہ ٹیکس گزاروں کو سہولت فراہم کرنا اور ٹیکس نظام پر اعتماد بحال رکھنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہونا چاہیے۔ جب آن لائن نظام تکنیکی مسائل کا شکار ہو تو کاروباری طبقے کو غیر ضروری دباؤ اور جرمانوں سے بچانے کے لیے عملی اقدامات کرنا ناگزیر ہو جاتا ہے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا کہ ایف بی آر آئرس پورٹل کی تکنیکی خامیوں کو ترجیحی بنیادوں پر دور کرے اور مستقبل میں ایسی رکاوٹوں سے بچنے کے لیے نظام کی استعداد اور تکنیکی معاونت کو بہتر بنایا جائے، تاکہ ٹیکس گزار مقررہ وقت میں بلا رکاوٹ اپنی قانونی ذمہ داریاں پوری کر سکیں۔ شیخ عمر ریحان نے مطالبہ کیا کہ موجودہ صورت حال کے پیش نظر انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں کم از کم ایک ماہ کی توسیع کی جائے اور آئرس سسٹم کی خرابیوں کے باعث تاخیر کا شکار ہونے والے ٹیکس گزاروں پر عائد ہونے والی تاخیری فیس اور جرمانے معاف کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس گزاروں کو اضافی مہلت دینے سے نہ صرف انہیں ریلیف ملے گا بلکہ گوشوارے درست اور مکمل طور پر جمع کرانے کے امکانات بھی بڑھیں گے۔



ABC CERTIFIED
آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DALIY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: تحسین کمال)

معاشی استحکام کے دعوے اور عوامی کرب

پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ کے درمیان ایک ارب اکیس کروڑ ڈالر کی پانچویں قسط کے لیے اسٹاف سطح کا معاہدہ طے پانا بلاشبہ اہم پیش رفت ہے۔ ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری کے بعد اس رقم کی فراہمی سے ملک کو ادائیگیوں کے توازن، زرمبادلہ کی دستیابی اور مالیاتی ضروریات پوری کرنے میں سہارا مل سکتا ہے۔ دونوں پروگراموں کے تحت پاکستان کو فراہم کی جانے والی مجموعی رقم پانچ ارب ستر کروڑ ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے۔ عالمی مالیاتی فنڈ نے پاکستان میں اصلاحاتی عمل کی رفتار اور معاشی استحکام کی کوششوں کو تسلیم کیا ہے، جب کہ اقتصادی ترقی کی شرح تین اعشاریہ چھ فیصد رہنے کا تخمینہ بھی پیش کیا گیا ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ اس مالی سہولت سے حاصل ہونے والی مہلت کو ملک کی پیداواری صلاحیت بڑھانے کے لیے استعمال کیا جائے گا یا قرضوں کی ادائیگی اور فوری مالی ضرورتوں کے چکر میں ایک بار پھر ضائع کر دیا جائے گا۔ پاکستانی معیشت کا تجزیہ کیا جائے تو اس کی بنیادی کمزوریوں میں قرضوں پر انحصار، محدود ٹیکس بنیاد، کمزور صنعتی نمو، غیر مؤثر سرکاری ادارے اور غیر متوازن معاشی ترجیحات نمایاں دکھائی دیتی ہیں۔ ملک کو جب بھی بیرونی ادائیگیوں کے دباؤ کا سامنا ہوتا ہے تو قرض، نئی مالیاتی شرائط اور اخراجات میں کٹوتیوں کا راستہ اختیار کیا جاتا ہے۔ وقتی طور پر بحران ٹل جاتا ہے، مگر وہ ساختی بیماریاں برقرار رہتی ہیں جو کچھ عرصے بعد معیشت کو دوبارہ اسی مقام پر لے آتی ہیں۔ یہ سلسلہ اس وقت تک ختم نہیں ہو سکتا جب تک قومی آمدن میں اضافے کے پائیدار ذرائع پیدا نہیں کیے جاتے۔ قرض لینا اگر کسی پیداواری منصوبے، برآمدی صلاحیت میں اضافے، جدید ٹیکنالوجی کی منتقلی یا توانائی کے نظام کی بہتری کے لیے ہو تو اس سے مستقبل میں آمدن پیدا ہونے کی توقع کی جا سکتی ہے، لیکن اگر قرض کا بڑا حصہ سابقہ واجبات کی ادائیگی اور جاری مالی خسارے پورے کرنے میں صرف ہو تو ملک کی مالی خودمختاری مزید محدود ہوتی جاتی ہے۔ معیشت کو محض قرض کی اگلی قسط تک پہنچانے کے بجائے اس مقام تک لے جانا ضروری ہے جہاں اسے ہر چند ماہ بعد نئی مالیاتی بیساکھیوں کی ضرورت نہ پڑے۔ عالمی مالیاتی فنڈ کے ساتھ معاہدے میں پیٹرول پر سبسڈی کی اسکیم مرحلہ وار ختم کرنے، توانائی کے نرخوں میں بروقت ردوبدل، سماجی و صحت کے شعبوں کے اخراجات بہتر بنانے اور سرکاری ملکیتی اداروں کی حکمرانی مؤثر کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ ان شرائط کو صرف بیرونی دباؤ کا نتیجہ قرار دینا بھی درست نہیں، کیونکہ خسارے میں چلنے والے ادارے، توانائی کے شعبے کے مالی مسائل اور سرکاری وسائل کا غیر مؤثر استعمال پاکستان کے اپنے معاشی مسائل ہیں۔ تاہم کسی اصلاح کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہے کہ اس کا بوجھ کس پر پڑتا ہے اور اس کے فوائد کس طبقے کو حاصل ہوتے ہیں۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے حکومت کو محصولات کی صورت میں فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

کرپشن کا ناسور، شفافیت اور نظامِ احتساب کا امتحان


تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

پاکستان قدرتی وسائل، باصلاحیت افراد اور محنتی عوام سے مالا مال ملک ہے، لیکن بدعنوانی اور بدانتظامی نے ترقی کی راہ میں سنگین رکاوٹیں کھڑی کر رکھی ہیں۔ ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کی کرپشن پرسیپشن انڈیکس میں پاکستان کی درجہ بندی اس امر کی یاد دہانی ہے کہ شفاف حکمرانی اور قانون کی بالادستی کے لیے ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ کرپشن محض رشوت لینے یا دینے کا نام نہیں بلکہ اختیارات کا ناجائز استعمال، سرکاری وسائل کی خرد برد، اقربا پروری، جعل سازی اور مستحق افراد کے حقوق غصب کرنا بھی بدعنوانی کی مختلف شکلیں ہیں۔ بدقسمتی سے جب قانون پر عمل درآمد کمزور ہو اور بااثر افراد جواب دہی سے بچ نکلیں تو عام شہری کا ریاستی اداروں پر اعتماد متزلزل ہونے لگتا ہے۔ وزیر اعظم کی جانب سے متعلقہ رپورٹ کا جائزہ لینے اور خامیوں کی نشاندہی کے لیے غیر جانب دار ماہرین کی مدد لینے کا تصور اسی وقت نتیجہ خیز ہو سکتا ہے جب سفارشات کو عملی اقدامات میں تبدیل کیا جائے اور ان پر بلاامتیاز عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔

پاکستان میں احتساب کے لیے متعدد ادارے موجود ہیں، لیکن اصل سوال ان کی تعداد نہیں بلکہ کارکردگی، خودمختاری اور شفافیت ہے۔ مختلف اسکینڈلز سامنے آنے کے بعد تحقیقات کے لیے ...

ناجائز مطالبات، آن لائن فراڈ، جعلی اکاؤنٹس اور سرکاری رقوم میں خرد برد جیسے واقعات عوامی اعتماد کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ جب کسی شہری کو اپنے جائز حق کے حصول کے لیے رشوت دینے پر مجبور ہونا پڑے تو یہ صرف ایک فرد کا نقصان نہیں بلکہ پورے نظام کی ناکامی کا اظہار ہوتا ہے۔ اسی طرح پولیس، عدالتی نظام، بلدیاتی اداروں اور دیگر محکموں کے بارے میں سامنے آنے والی شکایات کی غیر جانب دارانہ تحقیقات ضروری ہیں، تاکہ الزامات اور ثابت شدہ جرائم میں فرق برقرار رہے اور کسی بے گناہ کے ساتھ ناانصافی نہ ہو۔ حکومت کو سرکاری خدمات زیادہ سے زیادہ آن لائن فراہم کرنے، خریداری اور ٹھیکوں کا ریکارڈ عام کرنے، شکایات کے مؤثر نظام کو بہتر بنانے اور معلومات تک شہریوں کی رسائی یقینی بنانے پر توجہ دینی چاہیے۔ میڈیا، سول سوسائٹی اور شہریوں کو بھی ذمہ دارانہ نگرانی کا موقع ملنا چاہیے، کیونکہ شفافیت اسی وقت فروغ پاتی ہے جب ادارے اپنے فیصلوں اور اقدامات کی وضاحت دینے کے پابند ہوں۔

پاکستان کے بانیوں نے ایک ایسے معاشرے کا تصور پیش کیا تھا جہاں انصاف، دیانت داری اور قانون کی بالادستی بنیادی اصول ہوں۔ اس منزل ...

صحافتی ذمہ داری یا ریاستِ پاکستان سے بغاوت


تحریر: سید فیصل احمد

پولیو سے پاک پاکستان، روشن مستقبل کی ضمانت


تحریر: اسد اللہ صدیقی
سینئر تجزیہ کار

ٹیکنالوجی کے دور میں رشتوں میں بڑھتی دوریاں

تحریر: مدحت زہرہ


سرپرست اہلِ مصطفیٰ ویلفیئر سوسائٹی ڈاکٹر حاجی محمد لطیف طیب، ملک میں امن و امان کے قیام، دہشت گردی کے خاتمے، سیاسی استحکام اور قرآن کے شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کر رہے ہیں۔ مفتی سیف اللہ سعیدی، دیگر علماء بھی شریک ہیں

ورلڈ اولمپکس انڈر 17 انٹرزون کرکٹ ٹورنامنٹ
میں زون ایک گرین اور زون ایک بلیوز کی کامیابی

... مرحلے میں گزشتہ روز مزید دو میچز کا فیصلہ ہو گیا، ٹی ایم سی گراؤنڈ پر کھیلے گئے پہلے میچ میں زون ایک گرین نے زون سات بلوز کو 61 رنز سے شکست دے دی۔ زون ایک گرین نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 4 وکٹوں کے نقصان پر 267 رنز بنائے۔ ... خان نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 15 چوکوں، 4 چھکوں کی مدد سے ناقابلِ شکست 136 ... نے 4 چوکوں کی مدد سے 62 رنز بنائے۔


ڈاکٹر عاطف اقبال کی پی ایچ ڈی ڈگری کی خوشی میں منعقدہ تقریب کے موقع پر ڈی جی منسٹری آف فارن افیئرز محمد عرفان سومرو، ڈاکٹر عاطف اقبال کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

تفریح کے نام پر رشتوں کے تقدس کو پسِ پشت ڈالنا مناسب نہیں، مفتی محمد فیض القادری
ٹی وی ڈراموں میں بے حیائی اور غیر اخلاقی مناظر نئی نسل کی تربیت کے لیے لمحۂ فکریہ ہیں

آگاہی پروگرام عوام میں شعور بیدار کرنے کے لیے نہایت اہم ہیں، ڈاکٹر محمد عمران

چیئرمین آباد حنیف گوہر سے احمد عمران نقشبندی کی قیادت میں وفد کی ملاقات
مسائل کے باعث کم آمدنی والے خاندانوں کو روزمرہ زندگی میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے
کچی آبادیوں اور گوٹھوں میں پانی، سیوریج، لیز، بجلی اور بنیادی سہولتوں کے مسائل اجاگر کرنے پر اتفاق

انٹرنیشنل پیس کمیٹی ملک میں امن و امان کے قیام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، شبیر خان

مقامِ مصطفیٰ ﷺ کانفرنس اتحادِ امت کے فروغ کا عظیم اجتماع ہوگا، زبیر صدیقی ہزاروی
31 اکتوبر کو آر سی ڈی گراؤنڈ ملیر میں عظیم الشان کانفرنس، مذہبی و سماجی شخصیات کے خطابات ہوں گے
بعد نمازِ عشاء آر سی ڈی گراؤنڈ ملیر کراچی میں عظیم الشان مقامِ مصطفیٰ ﷺ کانفرنس منعقد ہوگی

اورنگی ٹاؤن کے عوام کو پانی جیسی بنیادی سہولیات سے محروم کر دیا گیا، جاوید حسین انصاری

بہاری برادری کے مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں، کامران علی


اورنگی ٹاؤن میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما ... کی قیادت میں ریلی نکالی گئی

حکومت بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خاتمے کو یقینی بنانے کے لیے سنجیدگی سے اقدامات کرے، محمد نعیم اقبال

ملیر یونیورسٹی کراچی میں بریسٹ کینسر آگاہی پروگرام کا انعقاد
وی اون پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ پروگرام میں بروقت تشخیص کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا

تاریخ گواہ ہے کہ ظلم ہمیشہ مٹ جاتا ہے، پیر شاہ صاحب

ڈاکٹر عاطف اقبال کی پی ایچ ڈی کی کامیابی پر تقریبِ پذیرائی کا اہتمام
انڈسٹریل فارمیسی کے شعبے میں تحقیق اور جدید علوم کا فروغ وقت کی اہم ضرورت ہے، تقریب سے خطاب

ایل پی جی انڈسٹری میں محمد علی حیدر کی خدمات قابلِ تحسین ہیں، شکیل بیگ
محمد علی حیدر کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر شکیل بیگ کی دلی مبارک باد، پھولوں کا گلدستہ پیش کیا

عالمگیر خان کو فی الفور رہا کیا جائے، عبدالصمد گاڈٹ



